# 10026 ـ کافر کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا

**سوال**

اگر کسی مسلمان شخص نے کسی کافر کے بچے کو اپنا منہ بولا بیٹا بنا کر پرورش کی اور بلوغت سے قبل وہ فوت ہو جائے تو کیا وہ کافر بچہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کافر کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں ہے، چاہے وہ منہ بولا بیٹا بنایا گیا ہو یا نہ، اور چاہے وہ بالغ ہوا ہو یا بلوغت سے قبل فوت ہو جائے، لیکن اگر اس میں وہ کچھ پایا جائے جو اس کے اسلام پر دلالت کرتا ہو تو پھر اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائےگا.

یہ علم میں رکھیں کہ اسلام میں منہ بولا بیٹا بنانا حرام ہے، کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

انہیں ان کے والد کے نام سے ہی پکارو الاحزاب ( 5 )

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.